PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: " مذہب "

## " عمومی / جنرل "

# پاکستانیوں کی اکثریت (65%) کے مطابق مسجد میں لاؤڈ سپیکر اعتدال سے استعمال کیے جاتے ہیں، جبکہ ایک چوتھائی (24%) کی شکایت ہے کہ مسجد میں لاؤڈ سپیکر بہت زیادہ کثرت سے استعمال کیے جاتے ہیں:

## گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن ، گیلپ پاکستان

اسلام آباد، 27 دسمبر، 2016

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی اکثریت (65%) کے مطابق مسجد میں لاؤڈ سپیکر اعتدال سے استعمال کیے جاتے ہیں، جبکہ ایک چوتھائی (24%) کی شکایت ہے کہ مسجد میں لاؤڈ سپیکر بہت زیادہ کثرت سے استعمال کیے جاتے ہیں ۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب مردوخواتین سے یہ سوال پوچھا گیا کہ،**"آپ کے خیال میں لاؤڈاسپیکرز مسجد میں کس طرح (یعنی کس کثرت سے) استعمال کیے جاتے ہیں؟"**، اس سوال کے جواب میں 65% جوابدہندگان کے مطابق مسجد میں لاؤڈ سپیکر اعتدال سے استعمال کیے جاتے ہیں، 17% افراد کا کہنا ہے کہ مسجد میں لاؤڈ سپیکر بہت زیادہ کثرت سے استعمال کیے جاتے ہیں، جبکہ 7% افراد کا کہنا ہے کہ مسجد میں لاؤڈسپیکر غیرآرام دہ حدتک استعمال کیے جاتے ہیں۔ تاہم 11% افراد نے اپنی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**دیہی اور شہری نتائج کا موازنہ:**

دیہی علاقوں میں 69% جوابدہندگان کے مطابق مسجد میں لاؤڈ سپیکر اعتدال سے استعمال کیے جاتے ہیں، 15% افراد کا کہنا ہے کہ مسجد میں لاؤڈ سپیکر بہت زیادہ کثرت سے استعمال کیے جاتے ہیں، جبکہ 6% افراد کا کہنا ہے کہ مسجد میں لاؤڈ سپیکر غیرآرام دہ حدتک استعمال کیے جاتے ہیں۔ تاہم 10% افراد نے اپنی رائے کا اظہار نہیں کیا۔ شہری علاقوں میں 58% جوابدہندگان کے مطابق مسجد میں لاؤڈ سپیکر اعتدال سے استعمال کیے جاتے ہیں، 20% افراد کا کہنا ہے کہ مسجد میں لاؤڈ سپیکر بہت زیادہ کثرت سے استعمال کیے جاتے ہیں، جبکہ 10% افراد کا کہنا ہے کہ مسجد میں لاؤڈ سپیکر غیرآرام دہ حدتک استعمال کیے جاتے ہیں۔ تاہم 12% افراد نے اپنی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

دونوں علاقوں کے نتائج کا موازنہ کیا جائے تو، مسجد میں لاؤڈ سپیکر دیہی علاقوں کی نسبت شہری علاقوں میں بہت زیادہ کثرت سے استعمال کیے جاتے ہیں۔

"آپ کے خیال میں لاؤڈاسپیکرزمسجد میں کس طرح (یعنی کس کثرت سے) استعمال کیے جاتے ہیں؟؟"




*Source: Gilani Research Foundation Poll (GRF Poll)*
*Field work conducted by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی اور شہری آبادی کے 1771 مرد و خواتین سے 19 ستمبر تا 26 ستمبر 2016 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday December 27, 2016**
*(2 Pages including this only Urdu version)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

Daily Gilani Poll
2016

celebrating 36 years of Gallup Pakistan
(1980-2016)